**24.12.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... ارجمند علی خان

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں معاشیات کے ماہرین کے ساتھ، بجٹ سے پہلے کا صلاح مشورہ کیا۔

☆ مرکز نے اترپردیش اور آندھرا پردیش کو دیہی ترقی کیلئے پندرہویں مالی کمیشن کی، دو ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی امداد جاری کی ہے۔

☆ صارفین کے امور کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے تجارت کے ای کامرس پلیٹ فارم اور ضابطہ جاتی اتھارٹیز سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ صارفین کے حقوق کیلئے اخلاقی طور طریقوں کو فروغ دینے کیلئے مل کر کام کریں۔

☆ IMD کے ڈائریکٹر جنرل نے کہا ہے کہ پچھلے دس سال میں محکمے کی، موسم سے متعلق پیشگوئی کے صحیح ہونے میں 40 سے 50 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ فرانس کے وزیر اعظم Francois Bayrou نے سابقہ سرکار کے گرنے کے بعد نئی کابینہ کا اعلان کیا ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں، وڈودرا میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان میچ جاری ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Economist**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں اقتصادی ماہرین کے ساتھ بجٹ سے پہلے کے صلاح مشورے میں شرکت کی۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، نیتی آیوگ کے CEO بی وی آر سبرامنیم اور دیگر سینئر عہدیداران نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔

2025-26 کے مرکزی بجٹ سے پہلے کا صلاح مشورہ اِس مہینے کی 6 تاریخ کو شروع ہوا تھا۔ محترمہ سیتا رمن نے مختلف ریاستوں کے وزراء خزانہ، سابقہ ایسوی ایشن ، معیشت کے ماہرین اور MSMEs کے ساتھ صلاح مشورہ کیا تھا۔

امید ہے کہ مرکزی وزیرخزانہ 2025-26 کا بجٹ لوک سبھا میں یکم فروری کو پیش کریں گی۔ x

**PM - Madhya Pradesh**

سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100ویں یومِ پیدائش کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی، کل مدھیہ پردیش کا دورہ کریں گے۔ وہ کھجوراہو میں بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وہ Ken-Betwa دریا سے متعلق قومی پروجیکٹ کا بھی سنگِ بنیاد رکھیں گے، جو قومی منظر نامے میں تیار کئے گئے منصوبے کے تحت، دریاؤں کو باہم مربوط کرنے کا ملک کا پہلا پروجیکٹ ہے۔ اِس پروجیکٹ سے مدھیہ پردیش اور اترپردیش میں مختلف ضلعوں میں سینچائی کی سہولیات فراہم ہوں گی، جس سے لاکھوں کسان کنبوں کو فائدہ ہوگا۔ اِس پروجیکٹ سے خطے کے عوام کو پینے کے پانی کی سہولت بھی فراہم ہوگی۔

وزیر اعظم مودی آنجہانی اٹل بہاری واجپئی کے 100ویں یومِ پیدائش کے موقع پر ایک یادگاری ٹکٹ اور سکہ بھی جاری کریں گے۔ وہ ایک ہزار 153 اٹل گرام سُشاسن عمارتوں کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے۔ اِن عمارتوں کا گرام پنچایتوں کے کام کاج اور ذمہ داریوں میں اہم رول ہوگا، جس کے سبب مقامی سطح پر اچھی حکمرانی کی جاسکے گی۔ x

**Centre Grants UP & AP**

مرکزی حکومت نے 15 ویں مالیاتی کمیشن کے تحت اترپردیش اور آندھراپردیش کی دیہی ترقی کے لئے 2 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقومات جاری کی ہیں۔ پنچایتی راج کی وزارت نے کہا ہے کہ ایک ہزار 598 کروڑ روپے سے زیادہ اترپردیش کے لئے اور 446 کروڑ روپے سے زیادہ آندھراپردیش کے لئے جاری کئے گئے ہیں۔ اِن رقومات کو پنچایتی راج اداروں اور دیہی بلدیاتی اداروں کی جانب سے مخصوص ضروریات کے لئے استعمال کیا جائے گا۔ وزارت نے کہا ہے کہ حکومت دیہی بلدیاتی حکمرانی میں یکسر تبدیلی کی خاطر براہ راست پنچایتی راج اداروں اور دیہی بلدیاتی اداروں کو رقومات فراہم کررہی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کے ''سب کا ساتھ، سب کا وکاس، سب کا وشواس، سب کا پریاس'' کے یکسر تبدیلی کے نظریے سے مطابقت رکھتے ہوئے یہ پہل زمینی سطح پر سب کی شمولیت والی ترقی میں کلیدی رول ادا کررہی ہے۔

**Joshi Consumer Day**

صارفین کے قومی دن کے موقعے پر آج صارفین کے امور کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے ورچوئل وسیلے سے مختلف اقدامات کا آغاز کیا جن کا مقصد ای۔ کامرس پلیٹ فارمس پر غیر قانونی سرگرمیوں کی نشاندہی کرنا اور صارفین کو بااختیار بنانا ہے۔ جناب جوشی نے صارفین کے تحفظ اور ای۔ کامرس پلیٹ فارمس پر غلط طور طریقوں کی نشاندہی کی خاطر ''جاگو گراہک جاگو ایپ ، جاگرتی ایپ اور جاگرتی ڈیش بورڈ'' کا آغاز کیا۔ جاگو گراہک جاگو ایپ صارفین کی جانب سے آن لائن سرگرمیوں کے

دوران سبھی URLs کے بارے میں ضروری ای- کامرس معلومات فراہم کرے گا تا کہ وہ کسی بھی غیر محفوظ URL کے سلسلے میں الرٹ ہوجائیں۔ اپنے پیغام میں جناب جوشی نے صارفین کے حقوق کے تحفظ کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوں نے کہا کہ حکومت ایک محفوظ، شفاف اور قابل بھروسہ اقتصادی سرگرمیاں فراہم کرنے اور ڈجیٹل شعبے میں غیر قانونی تجارتی طور طریقوں کی نگرانی کیلئے عہد بستہ ہے۔

**SB- Pralhad Joshi**

صارفین کا قومی دن ہر برس 24 دسمبر کو منایا جاتا ہے جس کا مقصد ملک میں صارفین کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے۔ x

**Vaishnaw - Smartphone**

الیکٹرانکس اور آئی ٹی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ رواں مالی سال کے شروع کے 8 مہینوں میں اسمارٹ فونز کی برآمداتی قیمت ایک لاکھ کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ویشنو نے کہا کہ پروڈکشن سے متعلق ترغیب، PLI اسکیم کی وجہ سے ملک میں اِسمارٹ فون کی ترقی میں، پچھلے سال کی بہ نسبت 45 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت نے رواں مالی سال میں اسمارٹ فونز کی برآمدات میں اضافہ کرکے اِسے ایک لاکھ 70 ہزار کروڑ روپے تک کرنے کا نشانہ طے کیا ہے۔

اسمارٹ فون شعبے میں PLI اسکیم کی وجہ سے روزگار کے تین لاکھ سے زیادہ براہ راست اور چھ لاکھ بالواسطہ موقعے پیدا ہوئے ہیں۔ x

**Jaishankar Visit**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے امریکہ کے چھ روزہ دورے پر رہیں گے۔ اِس دورے کے دوران وہ اہم باہمی، علاقائی اور عالمی معاملات پر اپنے ہم منصبوں سے بات چیت کریں گے۔ وزیر موصوف امریکہ میں بھارتی قونصل جنرل کی ایک کانفرنس کی صدارت بھی کریں گے۔x

**IMD Forecasting**

بھارتی موسمیات محکمے IMD کی پیشگوئی صحیح ثابت ہونے میں گزشتہ 10برس میں 40 سے 50 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے IMD کے ڈائرکٹر مرتنجئے مہاپاترا نے کہا کہ شدید بارش کے معاملے میں پیشگوئی درست ثابت ہونے میں بھی 60 سے 80 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

**SB- Mrutunjay Mohapatra**

IMD کے بنیادی ڈھانچے کے فروغ کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مہاپاترا نے کہا کہ جب موسمیات کے محکمے کی شروعات ہوئی تھی تو اُس وقت موسمیات سے متعلق 80 مراکز تھے لیکن آج 550 محکمہ جاتی مراکز، 2 ہزار آٹومیٹک موسمیاتی مراکز اور 39 ڈاپلر رڈار ہیں۔ x

**PM - Shyam Benegal**

وزیر اعظم نریندر مودی نے معروف فلم ساز شیام بینیگل کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ، جناب مودی نے شیام بینیگل کی داستان گوئی کی، یہ کہتے ہوئے تعریف کی ہے کہ اِس کا بھارتی سینما پر گہرا اثر رہا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جناب بینیگل کے زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگ، جناب بینیگل کے کام کی تعریف کرتے رہیں گے۔ x

**France New Govt**

فرانس میں وزیر اعظم Francois Bayrou نے سابقہ سرکار کے گرنے کے بعد نئی حکومت تشکیل دی ہے۔ سابق وزرائے اعظم Manuel Valls اور Elisabeth Borne کو بھی نئی کابینہ میں شامل کیا گیا ہے۔ Valls بیرون ملک امور کی وزارت کی سربراہی کریں گے جبکہ Borne قومی اور اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کی وزارت کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ نئی سرکار میں اہم پوزیشنز میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ x

**Women Cricket**

خواتین کرکٹ میں آج وڈودرہ کے Kotambi اسٹیڈیم میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تین میچوں کی ICC چمپئن شپ سیریز کا دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جارہا ہے۔ خواتین کی بھارتی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اتوار کو اسی مقام پر کھیلے گئے پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 211 رن سے شکست دی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆